# 2025 ریسورس گائیڈ

## فیملی کی تیاری اور وسائل کے لیے ایک گائیڈ



کاؤنٹی ایگزیکیٹو کے دفتر برائے کثیر ثقافتی امور کی ایک اشاعت



# فہرست مشمولات


03
کاؤنٹی ایگزیکیٹو کا خط اور اہم نمبرات

04
حفاظت

05
فیملی کی تیاری

06
قانونی خدمات


یہ معلومات عوام الناس کی طرف سے استعمال کے لیے رہنمائی کے ارادے سے ہیں اور یہ قانونی مشورے کے لیے یا قانونی مشورہ کے بطور اس پر انحصار کرنے کے ارادے سے نہیں ہیں۔ آپ کے اپنے کیس کے بارے میں قانونی مشورہ کے لیے، کسی اٹارنی یا امیگریشن کے مجاز نمائندے سے رجوع کریں۔

# محترم مکین،

Anne Arundel کاؤنٹی کی تاریخ ترک وطن کی لچکدار اور متحرک کہانیوں پر مشتمل ہے۔ سالوں تک کاؤنٹی نے بہت سارے سماجی، ثقافتی، معاشی اور طبعی تبدیلیوں کا تجربہ کیا ہے۔ یوں تو ترک وطن کے لیے ہماری وجہیں مختلف ہو سکتی ہیں، مگر ہم سب کا ایک گھر بنانے کا خواب مشترک ہے۔ بہترین اور مشکل ترین اوقات کے دوران، ہمیں معلوم ہے کہ ہمیں ایک دوسرے کی ضرورت ہے۔

اگرچہ بے یقینی موجود ہے اور ہمارے آگے چیلنجز ہیں، مگر ہم آپ کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہماری حکومت سبھی مکینوں کی خدمت کے لیے حاضر ہے۔ یہ گائیڈ Anne Arundel کاؤنٹی کے تمام مکینوں کے لیے دستیاب کلیدی وسائل کا ایک مجموعی جائزہ فراہم کرتی ہے۔ تیاری خوف نہیں بلکہ تفویض اختیار کے بارے میں ہے۔



مصروف خدمت،
**Steuart Pittman**
کاؤنٹی ایگزیکیٹو

# اہم فون نمبرز

**911**: پولیس، فائر ڈپارٹمنٹ، ایمبولنس کی طرف سے فوری اعانت کے طالب ہنگامی حالات کے لیے، براہ کرم 911 ڈائل کریں۔

**311**: غیر ہنگامی مسائل اور محلے کی شکایت کے لیے، 311 ڈائل کریں۔

**410-768-5522**: 24/7 ذہنی صحت اور ممنوعات کے استعمال کے عارضہ سے متعلق تعاون۔

**1-800-485-0041**: تمام بنیادی ضروریات بشمول رہائش، غذائی سیکیورٹی، والدین کے لیے وسائل وغیرہ میں اعانت کے لیے ریسورس لائن کو کال کریں۔

**202-201-3329 (بالغوں کی حراست)**: اگر آپ یا آپ کے کسی واقف کار کو ICE نے پہلے ہی حراست میں لے رکھا ہے تو، امیکا سینٹر برائے تارکین وطن کے حقوق (Amica Center for Immigrant Rights) کے پاس میری لینڈ کے باشندوں کے لیے ایک ڈیٹینشن لائن موجود ہے۔

**202-331-3320 (18 سال سے کم عمر کے بچوں کی حراست)**: اگر آپ یا آپ کے واقف کار بچے کو ICE نے پہلے ہی حراست میں لے رکھا ہے تو، امیکا سینٹر برائے تارکین وطن کے حقوق کے پاس میری لینڈ کے باشندوں کے لیے ایک ڈیٹینشن لائن موجود ہے۔

# حفاظت

**911 پر کال کریں**
کسی بھی ایسے وقوعات کی رپورٹ کرنا اہم ہے جس میں آپ یا آپ کی فیملی خوف زدہ محسوس کرتے ہوں یا جرم کا شکار رہے ہوں۔

Anne Arundel کاؤنٹی کے پولیس افسران قانون برقرار رکھنے اور دیانتداری، شفافیت، اور احترام کے ساتھ ہماری کاؤنٹی کی خدمت انجام دینے کا حلف لیتے ہیں ۔ اس پیمان عہد میں تمام افراد، اپنے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر شامل ہیں۔ ہر کسی کے لیے حفاظت اور انصاف کو ترجیح دے کر، افسران کمیونٹی کے اندر اعتماد اور تعاون کی آبیاری کرتے ہیں، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ تمام افراد مدد حاصل کر سکتے ہیں اور امتیازی سلوک یا ملک بدری کے خوف کے بغیر جرائم کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔ Anne Arundel کاؤنٹی پولیس ڈپارٹمنٹ خدمت عامہ کی بنیادی اقدار اور کمیونٹی کے اعتماد پر زور دیتا ہے جو مؤثر نفاذ قانون کے لیے لازمی ہیں۔

**پوییس کے ساتھ معاملات کرنا**
Anne Arundel کاؤنٹی پولیس ڈپارٹمنٹ کے افسران کو آپ کے ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں پوچھنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس کے علاوہ، ترک وطن کے تعزیری وفاقی قانون کا نفاذ خصوصی طور پر امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (Immigration and Customs Enforcement , ICE) کی اتھارٹی میں آتا ہے۔

اگر پولیس آپ سے سوال پوچھتی ہے تو، آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کو پولیس کی تحویل میں رکھا جاتا ہے تو، آپ کو پولیس کی پوچھ تاچھ سے پہلے یا اس کے دوران اٹارنی سے بات کرنے کا حق ہے۔ پولیس افسران کو آپ کے ساتھ پیشہ واریت کا برتاؤ کرنا چاہیے۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ پولیس افسر نے آپ سے بات چیت کرتے ہوئے غیر مناسب انداز کا عمل کیا تو آپ پولیس اکاؤنٹیبلٹیی بورڈ (Police Accountability Board, PAB) کے پاس شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ آن لائن: aacounty.org/police-accountability-board پر رابطہ کریں یا 410-222-2770 پر کال کریں۔

**نفرت پر مبنی جرائم کی اطلاع دینا**
امریکی محکمہ انصاف (U.S. Department of Justice) کے مطابق، نفرت مبنی جرم عام طور پر "نسل، رنگ، مذہب، ملکی بنیاد، جنسی رجحان، صنف، صنفی شناخت، یا معذوری" کے خلاف تعصب سے تحریک یافتہ ہوتا ہے۔ جرم اکثر پرتشدد ہوتا ہے، جیسے "دست درازی، قتل، آگ زنی، غارت گری، یا ایسے جرائم انجام دینے کی دھمکیاں۔" اگر آپ یا آپ کا کوئی واقف کار نفرت پر مبنی جرم کا شکار رہا ہے تو براہ کرم درج ذیل پر رپورٹ کریں:

1. اپنی ریاستی یا مقامی پولیس کو رپورٹ کرنے کے لیے 911 ڈائل کریں۔
2. فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن (Federal Bureau of Investigation, FBI) کو جرم کی رپورٹ کر کے جلدی سے اس رپورٹ پر فالو اپ کریں۔ tips.FBI.gov پر آن لائن یا 1-800-225-5324 پر کال کریں۔

**میری لینڈ کرائم وکٹمز ریسورس سینٹر (Maryland Crime Victims Resource Center)**
آپ میری لینڈ کرائم وکٹمز ریسورس سینٹر سے جرم کے شکار کے بطور حمایت اور قانونی تعاون موصول کر سکتے ہیں۔ آن لائن mdcrimevictims.org پر ملاحظہ کریں یا 301-952-0063 پر کال کریں۔

**ترک وطن سے متعلق فریب سے بچنا**
آپ یا آپ کی فیملی کے ترک وطن کے کیس میں اعانت طلب کرتے ہوئے، **صرف قابل قانونی فراہم کنندگان سے قانونی مدد حاصل کریں**۔ جن تنظیموں اور نمائندوں کو تسلیم اور ان کا الحاق کیا گیا ہے وہ امریکی محکمہ انصاف کے جسٹس ایگزیکیٹو آفس برائے ترک وطن کا جائزہ U.S. Department of Justice Executive Office) (for Immigration Review کے justice.gov/eoir/recognition-accreditation-roster-reports پر آن لائن مل سکتے ہیں۔ آپ ailalawyer.com پر امریکن امیگریشن لائرز ایسوسی ایشن American Immigration Lawyers) (Association کی وکیل کی تلاش کا استعمال کر کے اپنے قانونی فراہم کنندہ کی تصدیق کر سکتے ہیں۔

کسی ایسے شخص کی جانب سے ترک وطن میں اعانت کا معاہدہ **مت** کریں جو نوٹری، **notario، licenciado، اور ویزا کنسلٹنٹ** کے بطور شناخت کرواتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ادائیگی فراہم کرنے سے قبل یقینی بنائیں کہ آپ اس کے جواز کی تصدیق کرتے ہیں۔

# فیملی کی تیاری

**انفورسمنٹ ایجنٹوں کے ساتھ معاملات کرنے کے لیے رہنما خطوط:**

- ایک ID اور وارنٹ دکھانے کا مطالبہ کریں۔ دونوں آئٹم کھڑکی سے یا دروازے کے نیچے سے شیئر کیے جا سکتے ہیں۔
- آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو کسی وکیل سے بات کرنے کا حق حاصل ہے۔
- اگر آپ اپنے گھر سے باہر ہیں تو، ایجنٹ سے پوچھیں کہ آیا آپ چھوڑ کر جانے کو آزاد ہیں اور اگر وہ ہاں میں جواب دیتے ہیں تو، خاموشی سے نکل جائیں۔
- اگر آپ کے پاس اپنے حقوق کو جانیں (Know Your Rights) والا کارڈ ہے تو، یہ ایجنٹ کو دیں۔ اگر آپ اپنے گھر کے اندر ہیں تو، کھڑی سے ہو کر کارڈ دکھائیں یا درواز کے نیچے اسے سرکائیں۔

**فیملی کی تیاری کی منصوبہ بندی**

- کوئی اٹارنی یا الحاق یافتہ نمائندہ تلاش کریں اور اس سے رابطہ کریں۔
- اپنے مقامی قونصلیٹ کے پاس رجسٹر کریں۔
- اگر آپ امریکہ میں دو سال سے زیادہ مدت تک رہے ہیں تو، اپنے پاس اس ثبوت کی نقول رکھنے پر غور کریں جو دو سال کی رہائش کو ثابت کرتی ہوں، جیسے ڈاک کے نشان کے ساتھ آپ کے گھر پر آنے والی ڈاک، دستخط کردہ لیز، یا اسکول کے ریکارڈز۔
- ایسے منظر نامے میں فیملی کا منصوبہ بنائیں کہ فیملی ممبر کو حراست میں لیا جانا یا ملک بدر ہونا ہے۔
  - اگر آپ کے پاس 18 سال سے کم عمر کے بچے ہیں تو، Anne Arundel کاؤنٹی پبلک اسکولز میں ہنگامی کارڈ کے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے پر غور کریں۔
  - جس شخص کو آپ عارضی سرپرستی تفویض کریں گے انہیں مطلع کریں کہ انہیں اس صعوبت کے بارے میں اسکولی نظام کے پوپل پرسنل ورکر (Pupil Personal Worker) سے رابطہ کرنا ہوگا۔
  - یقینی بنائیں کہ امریکہ میں پیدا شدہ بچوں کے پاس پاسپورٹ ہیں۔
  - اپنے بچوں یا فیملی ممبروں کو اپنے فیملی پلان سے مطلع کریں۔
- فیملی کے تمام ممبران کے لیے ترک وطن کے تمام اور اہم کاغذات کو مرکزی حیثیت دیں اور ان کی کاپیاں تیار کریں۔ انہیں محفوظ جگہ پر رکھیں۔ اہم کاغذات:
  - کام کا اجازت نامہ، شناخت کی کاپیاں، پاسپورٹ، ترک وطن کے کاغذات کی کاپیاں، اسناد ولادت، اسناد ازدواج، سوشل سیکیورٹی کارڈز، اٹارنی کے رابطے کی معلومات، دوائیں جو فیملی ممبران لیتے ہیں۔
- مختار نامہ پر دستخط کرنے کے بارے میں کسی اٹارنی سے بات کریں۔ اگر آپ کو حراست میں لیا جاتا ہے یا ملک بدر کیا جاتا ہے تو، مختار نامہ سے آپ کے بھروسہ مند شخص کو آپ کے مالی امور، بچوں، اور دیگر ضروریات پر مشتمل فیصلے کرنے میں سہولت ملے گی
- معلومات جو آپ کو از بر کرنی چاہئیں:
  - آپ کے اٹارنی کا فون نمبر
  - آپ کے قونصلیٹ کا فون نمبر
  - آپ کے فیملی ممبروں کے فون نمبر

# قانونی اعانت: غیر منفعتی

**AMICA Center for Immigrant Rights**
1 North Charles Street, Suite 2305,
Baltimore, MD 21201
فون: 202-331-3320
ای میل: contactus@amicacenter.org
ویب سائٹ: https://amicacenter.org/

خدمات:

- USCIS کے پاس فائلنگز
- پناہ گزینی کے انٹرویوز میں نمائندگی (معتبر خوف کے انٹرویوز، معقول خوف کے انٹرویوز)
- امیگریشن کورٹ کے سامنے نمائندگی
- بورڈ آف امیگریشن اپیلز (Board of Immigration Appeals, BIA) کے سامنے نمائندگی
- وفاقی عدالت میں اپیلیں
- **صرف زیر حراست افراد کے لیے خدمات۔ ڈیٹینشن لائن: (202) 201-3329**۔ پورے DC میٹروپولیٹن ایریا میں کلائنٹس کی خدمت انجام دے سکتے ہیں۔

**کمیونٹی لیگل سروس (Community Legal Services)**
فون: 240-391-6370
ای میل: info@clspgc.org
ویب سائٹ: https://www.clspgc.org/

خدمات:

- وکیل کا حوالہ پروگرام
- تالہ بندی کی روک تھام کا پروگرام
- دیوالیہ پن کا پروگرام
- خانگی تشدد سے متعلق بہبود پروگرام
- Anne Arundel کاؤنٹی کا بے دخلی کی روک تھام کا پروگرام
- اسٹنڈ بائی گارجین شپ میں اعانت

**Global Refuge**
700 Light Street,
Baltimore, MD 21230
فون: 400-983-410
ای میل: info@globalrefuge.org
ویب سائٹ: https://www.globalrefuge.org/

خدمات:

- اہل افغان انسانیت پسندانہ آمد
- اہل یوکرینین انسانیت پسندانہ پیرول یافتگان
- کیس مینیجمنٹ پائلٹ پروگرام (Case Management Pilot Program, CMPP) میں اہل شرکا
- مخصوصی ریفوجی اور خاص تارک وطن ویزا حاملین
- وطن گیری حاصل کرنے کے خواہاں مخصوص قانونی مستقل مکین

**Immigrant Legal Resource Center**
ویب سائٹ: https://www.ilrc.org/

خدمات:

- امیگریشن قانون کے پیشہ ور افراد اور ایڈووکیٹس کی اعانت کریں
- خود کی حمایت کرنے کے لیے تارک وطن کمیونٹیز کو تعلیم و تربیت دیں
- مواصلت اور اطلاعاتی ٹول کٹس

**Annapolis Immigration Justice Network (AIJN)**
1125 West Street, Suite 227,
Annapolis, MD 21401
فون: 443-203-9175
ای میل: info@aijnetwork.org
ویب سائٹ: https://aijnetwork.org/

خدمات:

- عام قانونی مشاورت، $0
- مالی اعانت
- نقل و حمل
- بعینہ اور دیگر خدمات سے ربط

**Esperanza Center**
430 S Broadway,
Baltimore, MD 21231
فون: 667-600-2922
ای میل: esperanzainfo@cc-md.org
ویب سائٹ: https://cc-md.org/programs/esperanza-center/

خدمات:

- ترک وطن سے متعلق مشاورتیں
- غیر قانونی تجارت، جرم کا شکار، اور خانگی تشدد پر مبنی ترک وطن کی درخواستیں
- اخراج کا دفاع (ملک بدری کے خلاف دفاع)
- پناہ گزینی، اخراج کو موقوف کرنا، اور اذیت کے خلاف اجتماع (Convention Against Torture) کے تحت راحت
- فیملی پر مبنی عرضیاں
- بچپن میں آمد کے مدنظر مؤخر شدہ کارروائی (Deferred Action for Childhood Arrivals, DACA)
- تارک وطن کے ویزا کی پروسیسنگ
- عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (Temporary Protected Status, TPS)

**International Rescue Committee**
1900 N. Howard Street, Suite 200,
Baltimore, MD 21218
فون: 410-327-1885، ایکسٹینشن 111
ای میل: baltimore@rescue.org
ویب سائٹ: https://www.rescue.org/united-states/baltimore-md

خدمات:

- عمومی مشاورت، جو بالغوں کے لیے $50 سے شروع ہوتی ہے
- اسٹیٹس کا ایڈجسٹمنٹ (گرین کارڈ)
- فیملی کی عرضیاں
- شہریت
- ملازمت کے اجازت نامہ کی دستاویز (Employment Authorization Document, EAD)
- عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (TPS) کی تجدید
- بچپن میں آمد کے مدنظر مؤخر شدہ کارروائی (DACA) کی تجدید
- دستاویزات کی تجدید یا انہیں بدلنا

# قانونی اعانت: غیر منفعتی

**Luminis**
10400 Little Patuxent Parkway, Suite 450,
Columbia, Maryland 21044
فون: 410-992-1923
ای میل: info@beluminus.org
ویب سائٹ: https://www.beluminus.org/

خدمات:

- عمومی مشاورتیں، $100
- ملازمت کی اجازت دہندگی کی دستاویزات
- USCIS/EOIR پتے کی تبدیلی
- پناہ گزینی کی درخواست
- U ویزا
- T ویزا
- بچپن میں آمد کے مدنظر مؤخر شدہ کارروائی (Deferred Action for Childhood Arrivals, DACA) کی تجدید کی درخواستیں
- اسپیشل امیگرنٹ جووینائل اسٹیٹس (Special Immigrant Juvenile Status, SIJS) (I-360)
- ایڈجسٹمنٹ اسٹیٹس
- رشتہ دار کی عرضیاں
- شہریت کی درخواستیں

**Maryland Volunteer Lawyers Service**
201 North Charles Street, Suite 1400
Baltimore, MD 21201
فون: 410-539-6800
ای میل: info@mvlslaw.org
ویب سائٹ: https://mvlslaw.org/

خدمات:

- صارف کے مسائل
- مجرموں کے ریکارڈوں میں راحت
- جاگیر کی منصوبہ بندی اور انتظام
- عائلی قانون
- رہائش کے مسائل
- انکم ٹیکس کا تنازعہ

**میری لینڈ آفس فار ریفیوجیز اینڈ اسائلیز (Maryland Office for Refugees and Asylees)**

ویب سائٹ: https://www.beluminus.org/
رابطہ فارم: https://dhs.maryland.gov/maryland-office-for-refugees-and-asylees/contact-us/

خدمات:

- مالی اعانت
- صحت میں اعانت
- ملازمتی خدمات
- کیس منیجمنٹ
- خدمات نوجواں

**Path to Hope**
255 West Street,
Annapolis, MD 21401
فون: 443-203-8020
ای میل: info@yourpathtohope.org
ویب سائٹ: https://www.yourpathtohope.org/

خدمات:

- عمومی مشاورت، $60
- انسانیت پسندی پر مبنی راحت
- امریکی مستقل رہاؤش
- امریکی شہریت

**Tahirih Justice Center**
211 E. Lombard, Suite 307,
Baltimore, MD 21202
فون: 1-866-575-0071
ای میل: baltimore@tahirih.org
ویب سائٹ: https://www.tahirih.org/

خدمات:

- صنف پر مبنی پناہ گزینی (ان افراد کے لیے جو اپنے آبائی ملک میں مواخذہ میں مبتلا ہوئے ہیں یا انہیں خوف ہے کہ وہ مواخذہ میں مبتلا ہوں گے)
- خواتین کے خلاف تشدد کے ایکٹ کی عرضیاں (دھوکے کی شکار شریک حیات، والدین، اور/یا بچوں کے لیے)
- T ویزا (غیر قانونی تجارت کے متاثرین کے لیے)
- U ویزا (امریکی سرزمین پر مخصوص اقسام کے جرائم کے متاثرین کے لیے)
- اسپیشل امیگرنٹ جووینائل اسٹیٹس (بدسلوکی کے شکار، تباہ حال، یا بن توجہی کے شکار بچوں کے لیے)

# دفتر برائے کثیر ثقافتی امور

## ہم سے رابطہ کریں:

OMA@aacounty.org

410-222-0319

https://www.facebook.com/AnneArundelOMA

annearundel_oma